© rasailojaraid.com



۴۔جی ۲/۲ ناظم آباد۔کراچی ۱۸ صفحات: ۲۸۰ قیمت ۱۰/- روپے۔

حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ اپنے علمی اور عملی عظیم کارناموں کی بنا پر یقیناً وہ مجدد تھے جو صدیوں بعد پیدا ہوتے ہیں، ان کی تصانیف اور مواعظ وملفوظات سرچشمۂ ہدایت اور اصلاح ہیں، اس کتاب سے معلوم ہوجاتا ہے، کہ وہ اپنے اکابرین اور معاصرین کی نظر میں کتنا اونچا مقام رکھتے ہیں، کتاب حضرت مفتی اعظم مولانا محمد شفیع صاحبؒ اور مولانا مفتی رشید احمد صاحب کی تقریظوں سے آراستہ ہے، اور بقول حضرت مفتی صاحب مرحوم یہ کتاب حضرت تھانویؒ کی اہم تعلیمات، اور خصوصیات کا ایسا مجموعہ ہے جس کے مطالعہ سے زندگی میں انقلاب آسکتا ہے۔ (محمد حسن جان)

---

# موصولہ کتب کا اجمالی تعارف

**خطبات مدراس:** ـــــ سیرت طیبہ کی ہر لحاظ سے جامعیت اور کاملیت کے موضوع پر علامہ سید سلیمان ندوی مرحوم کے مشہور و معرکۃ الآراء آٹھ خطبات کا مجموعہ اعلیٰ طباعت کے ساتھ۔ ناشر اظہار سنز ۱۹۔اردو بازار، لاہور، صفحات ۱۹۴ قیمت مجلد پندرہ روپے۔

**مولانا مودودی کے غلط نظریات:** ـــــ قرآن وسنت اور عقل عام کی رو سے از قلم کریم الدین ریٹائرڈ انجینئر۔ موضوع نام سے ظاہر ہے۔ آخر میں مولانا ابوالحسن علی ندوی کی کتاب منصب نبوت سے انبیاء اور دیگر رہنماؤں کے بنیادی فرق والا مقالہ بطور ضمیمہ شامل کیا گیا ہے۔ ناشر جاوید اکیڈمی چہلیک ملتان۔ قیمت چار روپے۔ صفحات ۹۰۔

**مجموعہ رسائل:** ـــــ از مولانا سید مرتضیٰ حسن چاندپوری فاضل دیوبند۔ ناشر مجلس تحفظ ختم نبوت تغلق روڈ ملتان قادیانیت کے موضوع پر مشہور مبلغ ومناظر کے قلم سے ان کے بارہ ۱۲ رسائل کا مجموعہ قادیانیت کی تردید وابطال میں ایک مفید ذخیرہ۔

**خیر البشر:** ـــــ از محمد اسماعیل آزاد۔ ناشر: مکتبہ معارف الحق الف نارتھ ۱۵/۱۱ ملیر توسیعی کراچی ۳، صفحات ۱۹، سیرت مطہرہ کے چند تابناک پہلو۔

**خدا کی حاکمیت:** ـــــ مولانا ابوالکلام آزاد کے سحر انگیز قلم سے۔ حاکمیت خداوندی پر ایک مختصر اور مؤثر مقالہ صفحات ۲۰، ناشر مدرسہ قاسم العلوم مجاہد روڈ سیالکوٹ، کتاب مفت طلب کی جاسکتی ہے۔

**آئینۂ تربیت:** ـــــ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ کی مشہور تصنیف تربیت السالک کی

© rasailojaraid.com